سبق-10

جاڑا

جاڑا دھوم مچاتا آیا
کپڑے گرم پنھاتا آیا
کیسی ہَوا ہے فَر فَر فَر فَر
کانپتے ہیں سب تھَر تھَر تھَر تھَر
چُھپ جاتا ہے سوُرج جَلدی
لگتی ہے اِس کو بھی سَردی

© NCERT not to be republished

ہا ہا ہا ہا، ہی ہی ہی ہی
ہؤ ہؤ ہؤ ہؤ، سی سی سی سی
ہائے ری سردی، ہائے ری سردی
سارے بدن میں برف سی بھر دی

مشق

پڑھیے اور سمجھیے۔

پنھانا : پہنانا

اِن سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. گرم کپڑے کس موسم میں پہنتے ہیں؟
2. جاڑا کس طرح آیا ہے؟
3. جاڑے میں ہوا کیسے چلتی ہے؟
4. سوُرج جَلدی کیوں چُھپ جاتا ہے؟
5. سارے بدن میں برف بھرنے کا کیا مطلب ہے؟

© NCERT not to be republished



خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے۔

سورج　　برف　　دھوم　　سردی　　ہوا

1. جاڑا ________ مچاتا آیا
2. کیسی ________ ہے فَرفَرفَرفَر
3. چُھپ جاتا ہے ________ جَلدی
4. لگتی ہے اس کو بھی ________
5. سارے بدن میں ________سی بھردی

حروف کو ملا کر لفظ بنائیے۔

1. ج ا ڑ ا = ...
2. س و ر ج = ...
3. ک پ ڑ ے = ...
4. ل گ ت ی = ...
5. س ر د ی = ...

© NCERT not to be republished

مثال دیکھ کر حصّہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملایئے۔

مثال = ہَوا کی فَرفَر

الف	ب
	ٹِک ٹِک
	ٹَن ٹَن
	جَھم جھم
	چَھم چھم
	چُھک چُھک
	ڈَھم ڈھم

© NCERT not to be republished

تصویر میں دکھائی گئی چیزیں کس موسم میں استعمال ہوتی ہیں؟ نام لکھیے۔

 

 

نظم کی مدد سے حصّہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملایئے

الف	ب
جاڑا دھوم	سورج جَلدی
چھُپ جاتا ہے	ہی ہی ہی ہی
سارے بدن میں	مچاتا آیا
ہا ہا ہا ہا	تھر تھر تھَر تھَر
کانپتے ہیں سب	برف سی بھر دی

© NCERT not to be republished

سوچیے اور بتائیے۔

1. دھوپ ہمیں کس موسم میں اچھّی لگتی ہے؟
2. سردی سے بچنے کے لیے آپ کیا کرتے ہیں؟
3. آپ کو کون سا موسم پسند ہے اور کیوں؟
4. جاڑے کے علاوہ اور کون کون سے موسم ہیں؟

بعد میں آنے والے موسم لکھیے۔

1. گرمی کے بعد ______
2. برسات کے بعد ______
3. سردی کے بعد ______

خوش خط لکھیے۔

سردی	______ ______ ______ ______ ______
برف	______ ______ ______ ______ ______
بدن	______ ______ ______ ______ ______
سورج	______ ______ ______ ______ ______
جاڑا	______ ______ ______ ______ ______

اس نظم کو یاد کیجیے۔

© NCERT not to be republished